## سوال

(156)زکوۃ کا روپیہ کسی دینی مدرسہ پر خرچ ہو سکتا ہے۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

کیا زکوۃ کا روپیہ کسی دینی مدرسہ پر خرچ ہو سکتا ہے، اور اس سے اساتذہ کو تنخواہ دینا یا مدرسہ کی عمارت پر خرچ کرنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر زکوۃ کا روپیہ بیت المال میں جمع ہو، اور بیت المال سے تمام مصارف پر خرچ کرنا ہو تو پھر مدرسہ پر بھی اور اساتذہ کی تنخواہ پر بھی جائز ہو گا، اور اگر زکوۃ کے دیگر مصارف روک کر صرف مدرسہ ہی کو پیش نظر رکھا جائے، تو میری تحقیق میں یہ جائز نہ ہوا۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد۳ شمارہ ۱۶)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 7 ص 278**